## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ
**شعبہ قرآن و تفسیر**

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: مطالعہ قرآن حکیم (سورۃ النساء و سورۃ المائدۃ) (4612)

سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

### ہدایت نامہ برائے طلباء

**ایم اے علوم اسلامیہ (ODL موڈ)**

**عزیز طلبہ! السلام علیکم**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر: 1 تا5 )

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر ا۔ سورۃالنساء کے مضامین کا خلاصہ بیان کرنے کے بعد اس کی آیت نمبر 1 تا5 کا با محاورہ ترجمہ اور تشریح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر ۲۔ سورۃالنساء کی آیت نمبر 33 تا35 کا با محاورہ ترجمہ کیجئے اور ان کی روشنی میں خاندان کی اہمیت کو بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر ۳۔ سورۃالنساء کی آیت نمبر 71 تا76 کا با محاورہ ترجمہ و تشریح کیجئے۔ (20)

سوال نمبر ۴۔ سورۃالنساء کی آیت نمبر 104 تا112 کا با محاورہ ترجمہ و تشریح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر ۵۔ سورۃالنساء کی آیت نمبر 148 تا154 کا با محاورہ ترجمہ و تشریح بیان کرتے ہوئے اہل ایمان کے عقیدے کی وضاحت کیجئے۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر: 6 تا9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر ا۔ سورۃالمائدۃ کی آیت نمبر 1 تا3 کا با محاورہ ترجمہ و تشریح کیجئے نیز قرآن کریم کا نظریہ حرمت بھی واضح کیجئے۔(20)

سوال نمبر ۲۔ سورۃالمائدۃ کی آیت نمبر 32 تا34 کی روشنی میں قانون قصاص کی حکمت واضح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر ۳۔ سورۃالمائدۃ کی آیت نمبر 51 تا56 کی روشنی میں دین حق کے علمبرداروں کی جو صفات بیان ہوئی ہیں وہ تحریر کیجئے۔(20)

سوال نمبر ۴۔ سورۃالمائدۃ کی آیت نمبر 89 تا93 کی روشنی میں بیان کردہ شراب کے قطعی حکم کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر ۵۔ سورۃالمائدۃ کی آیت نمبر 74 تا81 کا ترجمہ و تشریح تحریر کیجئے۔ (20)